اِدارہ کُتُبِ اِسلامیہ گجرات

الحمد للہ کہ مجموعہ مسائل دینیہ مدلل بدلائل یقینیہ!

مسمّٰی بہ

فتاویٰ نعیمیہ

جس میں

حضرت مولانا الحاج حکیم الامت مفتی احمد یار خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے وہ معرکۃ الآرا
فتاویٰ جمع کر دیئے گئے ہیں جن کی موجودہ
زمانہ میں اشد ضرورت ہے

○

مؤلفہ

حافظ محمد عارف فارسی ٹیچر پبلک ہائی سکول گجرات

○

ناشر

ادارہ کتبِ اسلامیہ چوک پاکستان گجرات

نام کتاب ——— فتاویٰ نعیمیہ (مفتی احمد یار خان نعیمیؒ)

مؤلفہ ——— حافظ محمد عارف صاحب فارسی۔ ٹیچر پبلک ہائی سکول گجرات

صفحات ——— ۱۶۰/-

ناشر ——— ادارہ کتب اسلامیہ

پرنٹرز ——— پیر بھائی پرنٹرز۔ لاہور

تعداد ——— ایک ہزار

ملنے کا پتہ: مکتبہ اسلامیہ، ۴۰۔ اردو بازار۔ لاہور

الراشدین۔ یہ تو ایسا ہے۔ جیسے کوئی کہے کہ ہم تو کسی کے اُمتی نہیں کیونکہ ہمارے نبی کسی کے اُمتی نہیں۔ تو کہا جائے گا کہ بے وقوف غیر نبی اُمتی ہوتا ہے۔ حضور علیہ السلام تو نبی الانبیاء ہیں۔ اسی طرح غیر مجتہد مقلد ہوتا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین تو مجتہد اور امام ہیں۔

۲ قرآن و حدیث بے شک کافی ہیں۔ مگر جب ان سے استنباط مسائل کی طاقت ہو۔ قرآن حفظ کے لئے آسان ہے نہ کہ اجتہاد کے لئے۔ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ میں حفظ ہی مراد ہے

۳ کا جواب معلوم ہوگیا۔

۴ چوتھا سوال یہ دھوکہ ہے۔ یہ چار راستے حضور علیہ السلام کے راستہ سے علیحدہ نہیں۔ بلکہ ایک جھیل سے نکلے ہوئے چار دریا ہیں ؎

چار رسل فرشتہ چار چار کتب ہیں دین چار ؛ سلسلے دو نو چار چار لطف عجب ہے چار میں
آتش و آب خاک و باد سب کا انہی سے ہے ثبات ؛ چار کا سارا ماجرا ختم ہے چار یار میں

ورنہ پھر تو غیر مقلد بھی ایک پانچواں سوار علیحدہ فرقہ ہے ان کی جماعتیں ثنائی اور غزنوی سب بیدین ہوئیں ؎

مسجد دو خشت علیحدہ ساختند ؛ فتنہ در دین نبی انداختند

لطیفہ

وہابیہ زمانہ ایک اعتراض یہ بھی کرتے ہیں کہ مقلد کہتے ہیں کہ چاروں مذہب حق ہیں۔ اولاً تو یہ ممکن نہیں امام اعظم علیہ الرحمۃ کے نزدیک امام کے پیچھے قرأۃ مکروہ تحریمی ہے۔ امام شافعی علیہ الرحمۃ کے نزدیک واجب یہ کیسے ممکن ہے کہ قرأۃ خلف الامام واجب بھی ہو مکر وہ تحریمی بھی۔ ثانیاً یہ مان بھی لیا جائے۔ تو پھر امام کی پیروی سے چلے ہیئے۔ یعنی کسی مسئلہ میں حنفی کی اور کسی میں شافعی مالکی وغیرہ کی۔ یہ بھی محض دھوکہ ہے۔ چاروں مذہب کے حق ہونے کے معنی یہ نہیں ہیں۔ کہ سب مطابق واقعہ ہیں۔ یہ تو غیر ممکن ہے۔ بلکہ حق کے یہ معنی ہیں کہ کسی کی گرفت عنداللہ نہیں۔ مجتہد اگر غلطی کرے تب بھی ثواب پاتا ہے۔ ان چاروں میں سے جو کوئی مطابق واقعہ نہ ہو عنداللہ مغفور ہے۔ حضرت علی و امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں قتال واقعہ ہوا۔ اسی طرح صدیقۃ الکبریٰ اور مولیٰ علی رضوان اللہ علیہم اجمعین میں جنگ ہوئی۔ کیا معاذ اللہ ان میں سے کسی کو باطل پر یا فسق پر مانا جا سکتا ہے۔ الصحابۃ کلھم عدول بلکہ دونوں فریقوں کو حق پہ مانا جائے گا۔ اس معنی سے کہ کوئی بھی معذب نہیں۔ کیونکہ خطا اجتہادی ہے اسی طرح صحابہ کرام کے اختلاف جس کے بارے میں کہا گیا بایھم اقتدیتم اھتدیتم۔ نیز جنگل میں قبلہ کی خبر نہ ہوئی۔ تحری کر کے چار رکعت چار سمتوں میں پڑھی۔ چاروں رکعتیں ہوگئیں۔ اگرچہ قبلہ ایک ہی طرف ہے مگر خطا اجتہادی معاف ہے۔ ربط